22/05/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں---عابدہ اختر

سنہا ویشنو دیوی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن میں شردھالووں کیلئے تعمیر کئے گئے نئے ویشنو دیوی بھون کا افتتاح کیا۔

اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوننے کہا یہ نئی سہولت وہاں آنے والے عقیدت مندوں کیلئے قیام کرنے کے تجربے کو مزید بڑھائے گی کیونکہ یہ شردھالووں کے رش کو دیکھتے ہوئے ایک آرام دہ بنیادی ڈھانچے کے ساتھ تعمیر کی گئی ہے۔

اس سے پہلے لیفٹنٹ گورنر نے کل کٹرہ میں ہی اکشیہ پاترافاؤنڈیشن کی مرکزی باورچی سہولت کا سنگ بنیاد رکھا ۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا۔

............LG........

ایل جی میوزیم

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کٹرہ مینڈیوی سے متعلق ایک جدید ترین بین الاقوامی سطح کا میوزیم قائم کرنے کے امور کا جائزہ لیا۔

اس سلسلے مینمنعقدہ اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں بورڈ کے ارکان اور دیگر متعلقین نے عالمی سطح کاروحانی اور ثقافتی میوزیم کے قیام کے بارے میں اپنی بصیرت افروز تجاویز پیش کیں۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 31تاریخ کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔

آکاشوانی پر نشر ہونے والے اس ماہانہ پروگرام کی یہ 134 ویںقسط ہو گی۔ اس پروگرام کیلئے لوگ اپنی آراءاور تجاویزٹول فری نمبر 1800-11-7800 پر بھیج سکتے ہیں۔ تجاویز نریندر مودی ایپ یا MyGov OpenForum پر بھی 29 مئی تک بھیجی جا سکتی ہیں۔

عام لوگ اس مقصد کیلئے 1922 پر ایک مس کال بھی دے سکتے ہیں۔

سینسس

پورے جموں کشمیر میں سینسس 2027 کے سلسلے میں مکانات کا از خود شمار کرنے کاعمل پر باضابطہ طور شروع ہو www.se.census.gov.in جاری ہے یہ کام 17مئی سے ویب سائٹ گیا ہے۔

مکانات کے از خود اندراج کا عمل 30مئی تک جاری رہے گا جس کے بعد یکم جون سے متعلقہ اہلکارگھر گھر جاکر ان تفصیلات کی تصدیق کریں گے۔

پہلے مرحلے میں گھروں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد دوسرے مرحلے میں آبادی کا شمار کیا جائے گا ۔

رام نواس

محکمہ تعلیم کے کمشنر سیکریٹری رام نِواس شرما نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے سکولوں یا کالجوں میں آن لائن کلاسز شروع کرنے کا انتظامیہ کے پاس ابھی کوئی منصوبہ نہیں ہے ۔

میڈیا کے نمائندوں سے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے تاہم کہا کہ وہ اس بارے میں کسی بھی سرکاری حکمنامے پر عمل کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

IIMC

انڈین انسٹی چیوٹ آف ماس کمیونکیشن نئی دلی نے تعلیمی سال 2026-27 کےلئے اُر دو صحافت میں پوسٹ گریجویٹ ڈپلوما کورس کےلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔

IIMC نئی دلی کی وائس چانسلر Dr. Pragya Paliwal Gaur نے کہا ہے کہ اس کورس میں 30 نشستوں کےلئے رجسٹریشن کی آخری تاریخ 26 مئی ہے اور امتحان یکم جون کو لیا جائے گا۔

----Promo-----

نشہ مہم

جموں کشمیر میں جاری منشیات کے خلاف سو روزہ ابھیان کے تحت اب تک ہزاروں جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے ہیں جن میں لاکھوں کی تعداد میں لوگوننے اپنی سرگرم شرکت دکھا کر منشیات کے خلاف اپنی پختہ ارادی کا اظہا رکیا ہے۔

مہم کے اب تک کے دنوں میں پولیس کی طرف سے کی گئی متعدد کارروائیوں کے دوران سینکڑوں ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ منشیات کے کاروبار سے کھڑی کی گئیں کئی تعمیرات کو منہدم کیا گیا اور بعض کو قرق بھی کیا گیا۔

اسی ابھیان کے تحت مختلف اضلاع میں کاشت کی گئی خشخاش اور بھنگ کی بڑی مقدار کو بھی تباہ کیا گیا ۔

زبر سلیم

سماج کے بزرگ طبقے کو دیگر طبی مسائل کے ساتھ ساتھ بعض اوقات بے قابو فِشارِ خون کا مسئلہ بھی در پیش رہتا ہے ، جس کیلئے انہیں احتیاط برتنے کی ضرورت ہے ۔

اس بات کی مزید وضاحت کر رہے ہیں بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر //ڈاکٹر زبیر سلیم۔

...........Dr.Zubair........

صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو رواں مہینے کی 25تاریخ کو راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔ اس بات کی جانکاری وزارت داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی ہے ۔

اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔

ایوارڈ پانے والوں میں 16 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 افراد کو بعد از مرگ یہ ایوارڈ دئے جا رہے ہیں ۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ